عمرہ کا طریقہ

قدم بقدم



مدرسۃ الحجاج الباکستان

مکان نمبر E-246، سیکٹر 4-A، خیابانِ سرسید، راولپنڈی | 0333-520 4171

بسم الله الرحمن الرحيم

خصوصی گذارش

خواتین و حضرات سے التماس ہے کہ اس کتابچہ کو اچھی طرح سے سمجھ کر ذہن نشین کر لیں، تاکہ تمام افعال درست طریقہ سے ادا ہو سکیں اور موقع پر کسی ممکنہ غلطی سے بچا جا سکے۔

پھر بھی اگر کہیں دشواری محسوس ہو تو نیچے دیے گئے نمبر پر بلا جھجک رابطہ کریں۔

آپ سے دوسری درخواست یہ ہے کہ اس کتابچہ کو آگے شیئر کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے مستفید ہو سکیں اور آپ کے لئے صدقۂ جاریہ بنے۔

حج و عمرہ کی بالکل مفت تربیت کیلئے بلائیے یا خود تشریف لائیے

0333-520 4171

مدرسۃ الحجاج الباکستان

مکان نمبر E-246، سیکٹر 4-A، خیابانِ سرسید، راولپنڈی

عمرہ کے فرائض

احرام	=	نیت + تلبیہ
طواف	=	7 چکر + 2 رکعت واجب الطّواف

عمرہ کے واجبات

سعی	=	صفا اور مروہ کے 7 چکر
حلق یا قصر	=	بال مونڈانا یا کٹوانا

- مرد حضرات کیلئے سر کے ایک چوتھائی حصے کے بال کم از کم ایک پور (تقریباً ایک انچ) کٹانا واجب ہے، اسے قصر کہتے ہیں، اور پورے سر کے بال منڈانا سنت ہے اسے حلق کہتے ہیں۔
- خواتین کے لئے صرف قصر کا حکم ہے۔

عمرہ کی تیاری

- ناخن تراشیں
- مونچھیں کتریں
- بغل اور زیر ناف بال صاف کریں

غسل یا وضو کریں تو نیت کریں کہ احرام باندھنے کیلئے غسل یا وضو کر رہے ہیں



مرد حضرات

ایک چادر باندھ لیں

دونوں شانوں کو ڈھکا رکھیں

اور دوسری اوڑھ لیں

خواتین

سلے ہوئے کپڑے بدستور پہنے رہیں۔

البتہ چہرے پر نقاب نہ لگنے پائے۔

اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ
چھجے والی ٹوپی پہن کر اس پر سے نقاب گرا لیں



اگر مکروہ وقت نہ ہو
تو سر ڈھانک کر دو رکعت نماز
احرام کی نیت سے پڑھیں۔

پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون اور
دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھنا اولیٰ ہے

{ پہلی سورۃ میں شرک سے انکار ہے اور دوسری میں
اللہ کی وحدانیت اور ذات وصفات کا اقرار ہے }

عمرہ کی نیت

مرد حضرات سر سے کپڑا ہٹالیں اور عمرہ کی نیت کریں

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اُرِیْدُ الْعُمْرَۃَ
فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ

اے اللہ میں آپ کی رضا کیلئے عمرہ کی نیت کرتا ہوں، پس آپ اسے میرے لئے آسان فرمادیں اور قبول فرمالیں



درود شریف پڑھ کر نہایت آہ وزاری کے ساتھ دعا مانگیں

تلبیہ

نیت کے ساتھ ہی تین مرتبہ

مرد حضرات بلند آواز سے اور

خواتین آہستہ آواز سے تلبیہ پڑھیں۔

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ ط

لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ ط

اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ ط

لَا شَرِیْکَ لَکَ ؀

ترجمہ

میں حاضر ہوں، یا اللہ میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں،
بیشک تمام تعریفیں اور نعمتیں تیرے لئے ہیں اور ملک بھی ، تیرا کوئی شریک نہیں"

احرام کی پابندیاں

اب درج ذیل تمام پابندیاں آپ پر لاگو ہوگئی ہیں۔

- ✗ بال کاٹنا
- ✗ صابن سے ہاتھ دھونا
- ✗ ناخن کاٹنا
- ✗ کپڑوں یا بالوں کی جُوں مارنا
- ✗ لڑنا جھگڑنا
- ✗ مرد کیلیئے سِلا ہوا کپڑا پہننا
- ✗ خشکی کے جانور کا شکار کرنا
- ✗ مرد کے لئے سر ڈھانکنا
- ✗ مرد حضرات کیلیئے ایسا جُوتا پہننا جو پاؤں کی ابھری ہوئی ہڈی کو ڈھانپ لے
- ✗ خوشبو لگانا، پھولوں کا ہار پہننا یا جس نے خوشبو لگائی ہو اس سے گلے ملنا
- ✗ عورت کا چہرے کو اس طرح ڈھانکنا کہ کپڑا چہرے سے مَس کرے
- ✗ کپڑے سے منہ پونچھنا یا کپڑے سے ناک صاف کرنا
- ✗ ہم بستری یا خواہش ابھارنے والی بات کرنا
- ✗ جسم کے کسی بھی حصے سے بال دور کرنا

حدودِ حرم کی دعا

اے اللہ! یہ آپ کے حرم اور امن کی جگہ ہے،
پس جہنم کو مجھ پر حرام فرما دیجئے
اور اس دن کے عذاب سے ہمیں مامون فرمائیے
جس دن آپ اپنے بندوں کو اٹھائیں گے
اور مجھے اپنے دوستوں اور اہلِ طاعت میں سے بنا لیجئے!




نہایت ذوق وشوق سے
اور اپنی پوری توجہ ربِّ کریم کی طرف رکھتے ہوئے
تلبیہ پڑھتے ہوئے مکہ معظّمہ میں داخل ہوں
گاڑی آپکو آپ کی رہائش گاہ تک پہنچا دے گی



مسجد الحرام

مسجد الحرام میں داخل ہوتے وقت یہ پڑھیں

بِسۡمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ

رَبِّ اغۡفِرۡلِیۡ ذُنُوۡبِیۡ وَافۡتَحۡ لِیۡ اَبۡوَابَ رَحۡمَتِکَ

(یہ دعا کسی بھی مسجد میں داخل ہونے کی ہے)

آرام کے بعد وضو کی حالت میں مسجد حرام جائیں

چند ضروری گذارشات

خواتین ساتھ ہوں تو حرم میں داخل ہونے سے پہلے واپس ملنے کی جگہ اچھی طرح دیکھ لیں اور وقت بھی طے کرلیں تاکہ کسی ممکنہ پریشانی سے بچا جاسکے۔

حرم میں بچھڑنے کی صورت میں دوبارہ ملنے کی جگہ بھی طے کرلیں۔

حرمین شریفین میں جاننے والوں کے ساتھ بیٹھنے سے اجتناب کریں تاکہ فضول گفتگو اور غیبت وغیرہ سے بچا جاسکے۔

حرم پاک میں جہاں نیکی کا اجروثواب کئی گنا بڑھ جاتا ہے، وہاں گناہ کا وبال بھی بہت زیادہ ہوجاتا ہے۔


حرمین شریفین میں موبائل حتیٰ الوسع بند رکھیں مبادا کوئی بے ادبی نہ ہو۔

اہم نوٹ: حرمین میں تصاویر لینے سے گریز کریں، اور زیادہ سے زیادہ وقت مکمل توجہ کے ساتھ ذکرِ الٰہی اور درود شریف میں گزاریں۔

بیت اللہ پر
جیسے ہی نظر پڑے تو کہے

اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

اور ہاتھ اٹھا کر خُوب دعائیں مانگے



نوٹ: یہ انتہائی قبولیت کا وقت ہے، پہلی نظر میں جو دعا کریں گے، انشاءاللہ قبول ہوگی۔

تکبیر، تلبیہ اور درودِ پاک پڑھتے ہوئے

بیت اللہ شریف تک پہنچیں

اور بیت اللہ شریف کی طرف منہ کر کے

حجرِ اسود سے کچھ پہلے



اس طرح کھڑے ہو جائیں کہ

حجرِ اسود آپ کے ذرا دائیں طرف ہو

اب یہاں 6 کام کرنے ہیں

3 کام

حجرِ اسود سے ذرا پہلے کرنے ہیں



3 کام

حجرِ اسود کے سامنے کرنے ہیں

3 کام

جو حجرِ اسود سے ذرا پہلے کرنے ہیں

1 تلبیہ پڑھنا بند کر دیں

2 اضطباع کریں

(احرام کی اوپر والی چادر کو دائیں بغل سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال لیں)

3 طواف کی نیت کریں:

"اے اللہ! میں آپ کی رضا کیلئے طواف کی نیت کرتا ہوں،
پس آپ اسے میرے لئے آسان فرما دیں اور قبول فرما لیں؟"

اب حجرِ اسود کے بالکل سامنے آجائیں

(کہ سینہ اور منہ حجرِ اسود کی طرف ہو، یعنی حجرِ اسود کا استقبال ہو جائے)



حجرِ اسود کے عین سامنے آنے کیلئے
اپنے عقب میں لگی ہوئی **سبز لائٹ** سے مدد لیں

جب حجرِ اسود آپ کے سامنے ہو
اور سبز لائٹ آپ کے بالکل پیچھے ہو
تو آپ حجرِ اسود کے بالکل سامنے ہوں گے

3 کام

جو حجرِ اسود کے عین سامنے کرنے ہیں

1. بِسۡمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکۡبَرُ وَ لِلّٰہِ الۡحَمۡدُ ط
کہتے ہوئے کانوں تک ہاتھ اٹھا کر گرا دیں

2. حجرِ اسود کا استلام کریں

3. اپنی طرف کھڑے کھڑے دائیں طرف مڑ جائیں
اور طواف شروع کر دیں

حجرِ اسود کا استلام



اپنی ہتھیلیاں حجرِ اسود کے سامنے کریں
جیسے کہ اس پر رکھ رہے ہوں اور

اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

کہتے ہوئے دونوں ہاتھوں کو چوم لیں۔

رمل

طواف کے دوران

صرف پہلے تین چکروں میں مرد حضرات رمل کریں

یعنی اکڑ کر شانہ ہلاتے ہوئے قریب قریب قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلیں۔

طواف کے باقی چکروں میں رمل نہ کریں

خواتین رمل نہ کریں بلکہ ساتوں چکر نارمل رفتار میں پورے کریں

طواف کے ہر چکر میں جب لوٹ کر حجرِ اسود کے سامنے پہنچیں

تو صرف سینہ اور منہ حجرِ اسود کی طرف کریں

اور پاؤں موڑے بغیر حجرِ اسود کا استلام کریں۔

واضح رہے کہ

طواف کے ساتویں چکر کے بعد حجرِ اسود کا آٹھواں استلام ہوگا۔


ضروری گذارش

- یاد رہے کہ طواف کے لئے کوئی دعا مخصوص نہیں ہے۔
- اکثر کتابوں میں ہر چکر کی الگ الگ لمبی لمبی دعائیں عربی میں لکھی ہوتی ہیں جو کہ آپ ﷺ سے منقول بھی نہیں، انکو یاد کرنا بھی مشکل ہوتا ہے، اور اکثر حضرات کو معنی کا بھی پتہ نہیں ہوتا، اور وہ انہیں کتاب ہاتھ میں لے کر پڑھ رہے ہوتے ہیں۔ اسطرح توجہ بٹ جاتی ہے، یاد رکھیئے دعا مانگے جانے کا نام ہے نہ کہ پڑھنے کا۔
- دعائیں صرف اپنی زبان میں انتہائی لجاجت اور حضوری کی کیفیت کے ساتھ مانگیں۔
- عربی کی صرف وہ دعائیں پڑھیں جو اچھی طرح یاد ہوں اور معنی سے بھی آگاہی ہو۔

دورانِ طواف **تیسرا کلمہ، درود شریف اور استغفار** کا ورد جاری رکھیں

رکنِ یمانی سے
حجرِ اسوَد تک کی دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنیَا حَسَنَۃً
وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ○



طواف ختم کر کے

مرد حضرات دونوں شانوں کو دوبارہ ڈھانک لیں

اب ملتزم پر آئیں اور خوب دعا مانگیں

یہ انتہائی قبولیت کی جگہ ہے

بابِ کعبہ اور حجرِ اسود کے درمیان کی جگہ (تقریباً 2 میٹر) ملتزم ہے

مزید تفصیل کیلئے پچھلا صفحہ ملاحظہ کریں

نوٹ

حالتِ احرام میں حجرِ اسود، رُکنِ یمانی، ملتزم یا غلافِ کعبہ کو ہاتھ نہ لگائیں،

کیونکہ ان پر خوشبو لگی ہونے کی وجہ سے ان پر ہاتھ لگانے سے دم آ جائے گا۔

مقامِ ابراہیم

مقامِ ابراہیم کے پاس دو رکعت نماز واجب الطّواف ادا کریں

یہ دو رکعت کہیں بھی ادا کی جاسکتی ہے
لہٰذا کسی ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں آپ سکون سے نماز ادا کرسکیں

مقامِ ابراہیم کی طرف جاتے ہوئے یہ پڑھیں

وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّىؕ



نماز واجب الطواف ادا کرنے کے بعد آبِ زم زم پینا مستحب ہے

خوب جی بھر کر آبِ زم زم پیئیں




آبِ زم زم پینے کے بعد کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا
وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَآءً مِّنْ كُلِّ دَآءٍ ط

اے اللہ مجھے نفع دینے والا علم، وسیع رزق اور ہر بیماری سے شفاء عطا فرما!

حضور ﷺ کے فرمان کا مفہوم ہے کہ آب زم زم جس نیت سے پیا جائے وہ پوری ہوگی۔

مکروہات و منکرات طواف



1- ناپاک کپڑوں میں طواف کرنا۔

2- حجراسود کے بالمقابل آئے بغیر ہاتھ اٹھانا۔

3- طواف کی نیت کے بعد دونوں ہاتھ بلاتکبیر اٹھانا۔

4- حجراسود پر پہنچنے کی کوشش میں دھکا دینا۔

5- اپنی داہنی طرف مڑنے سے پہلے ہی یعنی استقبال حجراسود کی حالت میں طواف کا شروع کردینا۔

6- ذکر یا دعا بلند آواز سے پڑھنا۔

Slide **1** of 3

مکروہات و منکرات طواف

7- فضول اور دنیاوی بات چیت کرنا۔

8- طواف کی حالت میں دعا کیلئے ہاتھ اٹھانا یا نماز کی طرح ہاتھ باندھنا۔

9- طواف کے دوران ارکان بیت اللہ یا کسی اور جگہ دعا کیلئے کھڑا ہونا۔

10- دوران طواف خانہ کعبہ کو دیکھنا۔

11- دوران طواف بیت اللہ کی طرف سینہ یا پیٹھ ہونا۔

12- طواف کے چکروں میں زیادہ وقفہ کرنا، کسی اور کام میں مشغول ہو جانا۔

13- پیشاب یا پاخانہ کے تقاضے کے وقت طواف کرنا۔

14- بلا عذر جوتے پہن کر طواف کرنا۔

Slide 2 of 3

مکروہات و منکرات طواف

15- جس طواف میں رمل اور اضطباع سنت ہے، اس میں رمل اور اضطباع کو بلا عذر ترک کرنا۔

16- حجر اسود کا استلام نہ کرنا۔

17- رکن یمانی کو بوسہ دینا یا استلام کرنا۔

18- ہاتھ اٹھا کر رکن یمانی کی طرف اشارہ کرنا۔

19- حجر اسود اور رکن یمانی سے الٹے قدم واپس ہونا۔

20- دو یا زیادہ طوافوں کو اکٹھا کرنا اور ان کے بیچ میں دوگانہ طواف نہ پڑھنا۔ (اگر مکروہ وقت ہو تو ایسا کیا جا سکتا ہے)

Slide 3 of 3

سعی

سعی شروع کرنے سے پہلے

- حجر اسود کے سامنے آجائیں اور حجر اسود کا (نواں) استلام کریں
- سعی کیلئے صفاء پر آئیں اور سعی کی نیت کریں

یا اللہ میں سعی کی نیت خالص تیری رضا کیلئے کرتا / کرتی ہوں
اس کو میرے لئے انتہائی آسان فرما
اور محض اپنے فضل سے قبول فرما

صفا

صفا پر تکبیر تحریمہ کی طرح ہاتھ نہ اٹھائیں
بلکہ قبلہ رو کھڑے ہو کر اس طرح ہاتھ اٹھائیں،
جیسے دعا میں اٹھائے جاتے ہیں

پھر بلند آواز میں تین مرتبہ یہ پڑھیں

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ ط

پھر چوتھا کلمہ، تیسرا کلمہ اور درود شریف پڑھیں اور دعا مانگیں



اب صفا اور مروہ کے درمیان سعی کریں

دوران سعی چوتھا کلمہ پڑھتے رہیں اور خوب دعائیں مانگیں



صفا اور مروہ کے درمیان سبز ستونوں یعنی

میلین اخضرین

کی جگہ مرد حضرات تیز چلتے ہوئے یہ پڑھیں

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ ط

مروہ پر بھی وہی عمل دہرائیں

قبلہ رو کھڑے ہو کر اس طرح ہاتھ اٹھائیں
جیسے دعا میں اٹھائے جاتے ہیں

پھر بلند آواز میں تین مرتبہ یہ پڑھیں

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ ؕ



پھر چوتھا کلمہ، تیسرا کلمہ اور درود شریف پڑھیں اور دعا مانگیں

صفا سے مروہ تک ایک چکر شمار ہوگا، اس طرح سات چکر
پورے کریں، خیال رہے کہ ساتواں چکر مروہ پر ختم ہوگا

سعی سے فارغ ہونے کے بعد

اگر مکروہ وقت نہ ہو تو دوبارہ مسجد حرام میں آ کر
اعتکاف کی نیت کرنے کے بعد شکرانے کے دو رکعت نفل ادا کریں
سر کے بال منڈوالیں یا کٹوالیں



مبارک ہو

آپ کا عمرہ مکمل ہوا

اب نہا دھو کر روزمرہ کے کپڑے پہن لیں

- مرد حضرات کیلئے سر کے کم از کم ایک چوتھائی حصے کے بال ایک پور (تقریباً ڈیڑھ انچ) کٹانا واجب ہے، اسے قصر کہتے ہیں، اور پورے سر کے بال منڈانا سنت ہے اسے حلق کہتے ہیں۔
- خواتین کے لئے صرف قصر کا حکم ہے۔
- زیادہ سے زیادہ نفلی طواف کریں کہ وہاں کی افضل ترین عبادت یہی ہے
- نفلی طواف میں رمل، نواں استلام، سعی اور حلق / قصر نہیں ہوتا، اور عام کپڑوں میں کیا جاتا ہے

نفلی عمرہ کے احکام

- نفلی عمرے جتنے چاہیں کر سکتے ہیں
- ہر نفلی عمرہ کے لئے میقات سے حالتِ احرام میں آنا ہو گا
- ہر دفعہ احرام باندھنے کے لئے حدودِ حرم سے باہر جانا لازمی ہے
- احرام باندھنے کے لئے نزدیک ترین جگہ مسجد عائشہ صدیقہؓ ہے
- نفلی عمرہ کسی بھی شخص کی طرف سے کیا جا سکتا ہے جو زندہ یا مردہ ہو
- نفلی عمرے کا ثواب جتنے لوگوں کو چاہیں ایصال ثواب کر سکتے ہیں

اکثر دوستوں کی دلی خواہش حج یا عمرہ کی ہوتی ہے لیکن وسائل کی کمی آڑے آتی ہے، ایسے دوستوں کیلئے

حج / عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کیلئے

نہایت آسان اور آزمودہ نسخہ

- اسی نیت سے حسبِ توفیق کچھ پیسے جمع کرنا شروع کردیں


  چاہے وہ پیسے کتنے ہی کم ہوں اور ان کو حج / عمرہ کیلئے درکار کل رقم سے کوئی نسبت ہو یا نہ ہو

- درود شریف کی کثرت کریں
- اتباعِ سنت کا اہتمام کریں
- دعائیں کرتے رہیں کہ یا اللہ ہمارے بس میں یہی تھا، آگے آپ کے اختیار میں ہے

انشاءاللہ آپ دیکھیں گے کہ بہت جلد غیب سے حاضری کے اسباب مہیا ہو جائیں گے،
اگر خدانخواستہ رہ بھی گئے تو حشر میں مقبول حج / عمرہ کرنے والوں میں اٹھیں گے۔



لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ
لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ
اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ
لَا شَرِيْكَ لَكَ



حج و عمرہ کی تربیت

بالکل مفت دی جاتی ہے

بلائیے یا خود تشریف لائیے

معلم الحجاج

شکیل احمد شہزاد

0333-520 4171

مدرسۃ الحجاج الباکستان

مکان نمبر E-246 سیکٹر 4-A، خیابانِ سرسید، راولپنڈی